ابو حازم عبد الغفار بن حسن کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ ابراہیم بن ادھم کوفہ آئے۔ میں بھی ان کے ساتھ تھا۔ (یہ منصور کی خلافت کا دور تھا)۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام بھی آئے ہوئے تھے۔ جب آپؑ مدینہ جانے کے قصد سے کوفہ سے چلے تو علمائے کوفہ اور صاحبانِ فضل آپؑ کو رخصت کرنے کیلئے آپؑ کے ساتھ آئے جن میں سفیان ثوری اور ابراہیم ادھم بھی تھے مگر یہ آپؑ سے آگے چلے گئے، راستے میں انہیں ایک شیر سرِ راہ بیٹھا ہوا ملا۔ ابراہیم ادھم وہیں ٹھہر گئے اور کہنے لگے کہ حضرت جعفر بن محمدؑ کو آجانے دو دیکھیں وہ کیا کریں گے۔ اتنے میں امام جعفر صادق علیہ السلام بھی پہنچ گئے۔ کسی نے امامؑ کو بتایا کہ راستہ میں شیر بیٹھا ہوا ہے۔ یہ سن کر امامؑ آگے بڑھے شیر کے قریب پہنچے اور اس کا کان پکڑ کر راستے سے دور ہٹا دیا۔ پھر امامؑ نے فرمایا:

سنو! اگر لوگ اللہ کی اطاعت کا صحیح معنٰی میں حق ادا کریں تو اس شیر کی پشت پر اپنا سامان بھی لاد سکتے ہیں۔

(مناقب، جلد 3، صفحہ 366)